SECP

SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
October 21, 2016

## ایس ای سی پی نے ستمبر میں چار سو اکیاسی کمپنیاں رجسٹر کیں

اسلام آباد ۲۱ اکتوبر: سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ستمبر کے مہینے میں چار سو اکیاسی کمپنیاں رجسٹر کیں۔۔ رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں ستاسی فی صد پرائیویٹ لمیٹڈ، گیارہ فی صد سنگل ممبر جبکہ باقی تین فی صد میں پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ایسو سی ایشن اور غیر ملکی کمپنیاں شامل ہیں۔

گزشتہ ماہ سب سے زیادہ کمپنیاں خدمات کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد اسی ہے تجارت کے شعبے میں باسٹھ، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں ترتالیس، تعمیرات میں بیالیس، سیاحت میں انیتس، کھانے پینے و مشروبات میں اکیس، رئیل اسٹیٹ ڈولپمنٹ میں سترہ، ایندھن اور توانائی میں سولہ، کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ اور ادویہ سازی میں تیرہ تیرہ، تعلیم میں بارہ، ٹیکسٹائل میں گیارہ، پاور جنریشن اور انجینئرنگ میں دس دس، اور ایک سو دو کمپنیاں دوسرے مختلف شعبوں اور پانچ غیر ملکی کمپنیاں اسلام آباد، کراچی اور لاہور آفس میں رجسٹر ہوئیں۔

علاوہ ازیں سینتیس کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی ان سرمایہ کاروں کا تعلق افغانستان، چین، فرانس، جرمنی، جاپان، کرغستان، لبنان، ملائیشیا، سنگاپور، سری لنکا، ترکی اور برطانیہ سے ہے۔ یہ سرمایہ کار کمپنیاں کیمیکل، مواصلات، کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ، تعلیم، ایندھن اور توانائی، شیشے اور چینی مٹی سے بنی مصنوعات، انفرمیشن ٹیکنالوجی، کان کنی، ادویہ سازی، پاور جنریشن، خدمات، تجارت، ٹرانسپورٹ اور دوسرے مختلف شعبوں سے تعلق رکھتی ہیں۔

ستمبر میں سب سے زیادہ رجسٹریشن، لاہور کے کمپنی رجسٹریشن آفس میں ہوئی جہاں ایک سو پچھتر کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جبکہ ایک سو سینتیس اسلام آباد، ایک سو تین کراچی، سترہ فیصل آباد، اٹھائیس پشاور، سولہ ملتان، اور پانچ کوئٹہ میں رجسٹر ہوئیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254